## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ آج انتقال کر گئیں اناللہ وانا الیہ راجعون
## مرحومہ کو آج بعد نماز عشاء پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا نماز جنازہ
## مدینہ مسجد بلاک 13.D.1 گلشن اقبال میں ادا کی جائے گی

کراچی۔۔۔27، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ علالت کے باعث آج انتقال کر گئیں اناللہ وانا الیہ راجعون مرحومہ گلشن اقبال بلاک C53 13,D.1 میں رہائش پذیر تھیں مرحومہ کی عمر 62 سال تھی اورانہوں نے سوگواران میں شوہر ایک بیٹا، تین بہنیں اور تین بھائی چھوڑے ہیں۔مرحومہ دل کے عارضے میں مبتلا تھیں کل رات اچانک طبیعت زیادہ خراب ہوئی جس کی وجہ سے انہیں فوری طور پر مقامی اسپتال لیجایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے فوری طبی سہولیات دی گئیں لیکن وہ جانبر ثابت نہ ہوئی اوروہ آج شام اپنے خالق حقیقی سے جاملی۔مرحومہ کو آج بعد نماز عشاء پاپوش نگر کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا جبکہ مرحومہ کی نماز جنازہ مدینہ مسجد میں ادا کی جائے گی۔دریں اثناء مرحومہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعبہ خواتین کی ذمہ داران حق پرست ارکان اسمبلی اورگلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے ارکان وکارکنان مرحومہ کی رہائش گاہ پہنچ گئے اورمرحومہ کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں تسلی دی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر مرحومہ کے شوہر رئیس احمد خان، صاحبزادے فراز احمد خان اور
## ماموں زاد بھائی کیپٹن سلیم قریشی سے الطاف حسین کی فون پر تعزیت

لندن۔۔۔27، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر مرحومہ کے گھر فون کرکے ان کے شوہر جناب رئیس احمد، صاحبزادے فراز احمد اور ماموں زاد بھائی کیپٹن سلیم قریشی سے تعزیت کی۔جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے فرداً فرداً تعزیت کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ ادیب سلطانہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورتمام سوگواراہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی، تمام ونگز،
## شعبہ جات اور تمام تنظیمی کمیٹیوں کے ارکان کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے تمام ارکان اورتحریک کے تمام ونگز، شعبہ جات اور تمام تنظیمی کمیٹیوں کے ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے انتقال پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اورمرحومہ کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ تحریک کے تمام کارکنان اور ہمدرد قائد تحریک جناب الطاف حسین اوران کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے تمام لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ ادیب سلطانہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ مرحومہ کو پاپوشنگر قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، سوئم اتوار کو ہوگا
## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی اور دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔27، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن محترمہ ڈاکٹر ادیب سلطانہ مرحومہ کو جمعہ کے روز ناظم آباد کے پاپوشنگر قبرستان سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ بعد نماز عشاء جامعہ مسجد مدینہ گلشن اقبال بلاک 13-G میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے اراکین سید شعیب احمد بخاری، شاہد لطیف، اشفاق منگی، حق پرست صوبائی وزراء، سابق مشیران، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، سابق وزراء واراکین اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات تنظیمی کمیٹی، اندرون

سندھ تنظیمی کمیٹی، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، کراچی مضافاتی کمیٹی، لیبر ڈویژن، ایلڈرز ونگ، اے پی ایم ایس او، لیگل ومیڈیکل ایڈ کمیٹی، الیکشن سیل، ایمپلائمنٹ سیل، شعبہ اطلاعات، ایڈمن کمیٹی، میڈیا کمیٹی، بورڈ کمیٹی، ٹرانسپورٹ کمیٹی اور محبانِ پاکستان کے ارکان کے علاوہ ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹرز و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ایم کیوایم کے ہمدردوں اور مرحومہ ڈاکٹر ادیب سلطانہ کے عزیز وا قارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اس سے قبل مرحومہ کا جسد خاکی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس میں رکھ کران کی رہائشگاہ لایا گیا جہاں مرحومہ کے عزیز وا قارب نے ان کا آخری دیدار کیا۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ارکان آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران، خواتین حق پرست ارکان اسمبلی اور شعبہ خواتین کی علاقائی ذمہ داران نے مرحومہ کی رہائش گاہ جاکر مرحومہ کی سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں تسلی دی۔علاوہ ازیں مرحومہ ڈاکٹر ادیب سلطانہ کا فاتحہ سوئم 29 رجون بروز اتوار بعد نماز عصر تا مغرب مدینہ مسجد گلشن اقبال بلاک G-13 میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی، خواتین کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کا اہتمام مرحومہ کی رہائشگاہ واقع C-53 گلشن اقبال بلاک 13-D.1 پر رکھا گیا ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان خصوصاً حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ مرحومہ کے فاتحہ سوئم میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں۔

☆☆☆☆☆